ilmkidunya
علم کی دنیا

Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. نیفہ کن صورتوں میں ڈالا جاسکتا ہے.

Ans 1: نیفہ دو صورتوں میں ڈالا جاسکتا ہے. شلوار کی لمبائی بڑھانے کےلیے. شلوار کے پانچے ہوں تو چوڑے کرنے کےلیے

Q2. موزوں لباس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: موزوں لباس کا مطلب ریشمی یا قیمتی لباس نہیں بلکہ لباس کی موزونیت لباس کے صیح انتخاب پر منحصر ہے لباس ایسا بنانا چاہیے جو شخصیت کو جازب نظر بنائے اور اُس کی خامیوں کو چھپائے.

Q3. درمیانی عمر کے ملبوسات کے لیے کن باتوں کو مدنظر رکھانا ضروری ہے.

Ans 1: یہ دور عام طور پر پینتیس سال سے پچاس سال کی عمر کا دور ہے. عمر کی اس حد پر پہنچ انسان کسی نہ کسی مقام پر پہنچ چکا ہوتا ہے اور معاشرے میں اسکی ایک شناخت بن چکی ہوتی ہے.مثال کے طور پر ماں'بیوی'ڈاکٹر'معلمہ وغیرہ . اس عمر میں سماجی ضروریات کافی بڑھ جاتی ہیں.اس لیے اس عمر میں لباس کا انتخاب تمام ضروریات کا حقیقت پسندانہ جائزہ لے کر کرنا چاہیے.

Q4. اسلام کی اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں کیسا ڈیزائن اپنانا چاہیے؟

Ans 1: اسلام کی اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں ہمیشہ آستین پورے بازو کی، مناسب اونچائی کے گلے اور مناسب فٹنگ کے کپڑے پہننے چاہیں کیونکہ اس سے بہتر کوئی اور چیز نہیں.

Q5. گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کے ملبوسات کیسے ہونے چاہیں.

Ans 1: گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کے ملبوسات درج ذیل ہیں. کپڑا نرم و ملائم اور وزن میں ہلکا ہونا چاہیے. ایسا کپڑا جس میں آسانی سے سلوٹیں نہ پڑیں اور ہلکی استری ہوسکے اسکے لیے بہتر ہے. اس عمر کے لیے ہلکے اور درمیانہ رنگوں میں چھوٹے پھولدار پرنٹ اور چیک مناسب رہتے ہیں.

Q6. پرانے لباس کو ردوبدل کرنے کے کوئی سے دو طریقے لکھئے.

Ans 1: اُپ نے دیکھا ہوگا کہ اکثر اوقات گھروںمیںایسے بے شمار کپڑے ہوتے ہیں جو فیشن بدلنے کی وجہ سے ناکارہ سمجھے جاتے ہیں اور ان کو ضائع کردیا جاتا ہے. لیکن اگر تھوڑی سی محنت اور لگن سے ان میں ردوبدل کرلیا جائے تو ان کو نیا بنایا جاسکتا ہے.

Q7. اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو کیا کرنا چاہیے.

Ans 1: اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو اس کے اندر مختلف انداز میں پٹیاں ڈال کر اس کی چوڑائی بڑھائی جاسکتی ہے. اس سے گھیردار فراک تیار ہوسکتا ہے. ان پٹیوں‌پر آپ کڑھائی بھی کرسکتی ہیں اور لیس بھی لگا سکتی ہیں . کرتے کی چوڑائی بڑھانے کےلیے کلیوں کا اضافہ کیا جاسکتا ہے.

Q8. اسلام میں پردہ اور حیاء کیا مقام رکھتے ہیں.

Ans 1: اسلام میں پردہ اور حیاء سب سے اولین مقام رکھتے ہیں. اس لیے لباس بھی انہی خطوط پر وضع ہونا چاہیے.

Q9. شخصیت کی کتنی اقسام ہیں؟

Ans 1: شخصیت کی نفسیاتی اعتبار سے درج ذیل اقسام ہیں. نازک اندام شخصیت کھلاڑی شخصیت ڈرامائی شخصیت شرمیلی شخصیت باوقار شخصیت ، زندہ دل اور شوخ شخصیت.

Q10. نازک اندام شخصیت کے بارے میں مختصر لکھیں.

Ans 1: نازم اندام شخصیت کے مالک لوگ دیکھنے میں انتہائی نرم و نازک اور نسوانیت سے بھر پور تاثر دیتے ہیں.ان کے خیالات بھی نازک ہوتے ہیں وہ زندگی میں نفاست اور نزاکت کو کو اہمیت دیتے ہیں.ان کے لیے باریک اور نرم کپڑے مناسب رہتے ہیں. جس کی تراش خراش اور آرائش نہایت نفاست سے کی گئی ہو ہلکے اور چھوٹے پرنٹ انکی شخصیت کو نمایاں کرتے ہیں.